NYC Housing Connect

# سستی رہائش کے لیے درخواست دینا

**رہائش "سستی" ہونے کا کیا مطلب ہے؟**

رہائش کو تب سستا خیال کیا جاتا ہے جب گھرانے والے کرایے پر اپنی آمدنی کا لگ بھگ ایک تہائی سے زیادہ خرچ نہیں کرتے ہیں۔ اگر کسی فیملی کو کرایے پر اپنی آمدنی کا لگ بھگ ایک تہائی سے زیادہ خرچ کرنا پڑتا ہے تو انہیں 'کرایے کے بوجھ تلے دبا ہوا' خیال کیا جاتا ہے۔

**کہاں جائیں**

**سستی رہائش کے لیے اپنی تلاش nyc.gov/housingconnect پر شروع کریں**

**کیا کریں**

## 1 دیکھیں

ہاؤسنگ کنیکٹ (Housing Connect) پر یا اخبار میں سستی رہائش کی فہرست تلاش کریں۔

## 2 جانیں

اہلیت اور درخواست کے تقاضوں کے بارے میں جانیں۔

## 3 درخواست دیں

آن لائن رجسٹر کریں یا درخواست دیں یا اپنی درخواست ڈاک سے بھیجیں۔

## 4 انتظار کریں اور تیاری کریں

درخواست پر کارروائی ہونے میں 2 سے 12 مہینے لگ سکتے ہیں۔

## 5 اہل قرار پائیں

منتخب ہو جانے پر، اہلیت کی دستاویزات جمع کرائیں

## 6 دستخط کریں یا دوبارہ درخواست دیں

کرایے پر لیں یا اگر اہل ہوں تو خریدیں۔ مسترد ہو جانے پر، اپیل کی معرفت چیلنج کریں یا دوسروں کے لیے درخواست دیں۔

**مزید معلومات کے لیے صفحہ پلٹیں یا ہمیں آن لائن اس پر ملاحظہ کریں:** **nyc.gov/housingconnect**

NYC Department of Housing Preservation & Development

NYC HDC

@nychousing

**جون 2020**

یہ دستاویز صرف معلوماتی مقاصد کے لیے ہے۔ یہ سستی رہائش کے لیے درخواست نہیں ہے۔

NYC Housing Connect

HPD یا HDC کی زیر کفالت کسی بھی رہائشی پروجیکٹ میں درخواست کے لیے کسی کو بھی کبھی بھی کوئی رقم یا فیس ادا نہ کریں۔

## 1 دیکھیں

### سستی رہائش کی فہرست تلاش کریں

درخواستیں قبول کرنے والی تمام ڈیولپمنٹس دیکھنے کے لیے NYC ہاؤسنگ کنیکٹ ملاحظہ کریں۔ NYC ہاؤسنگ کنیکٹ میں ایسی موجودہ سستی رہائش یونٹس بھی شامل ہیں جو ٹرن اوور پر دستیاب ہوتی ہیں — انہیں دوبارہ رینٹ والی یونٹس کہا جاتا ہے: nyc.gov/housingconnect

311 پر کال کریں اور سستی رہائش کی ہاٹ لائن کے بارے میں پوچھیں۔

اخبارات میں اور تعمیری سائٹس پر پوسٹرز میں موجود اشتہارات دیکھیں۔

مدد کے لیے مقامی کمیونٹی کی تنظیموں، بشمول ہاؤسنگ ایمبیسڈرز (Housing Ambassadors) سے رابطہ کریں۔ ایمبیسڈرز کی ایک فہرست HPD کی ویب سائٹ پر تلاش کریں:

nyc.gov/housing-ambassadors

### اشتہار کو بغور پڑھیں

سستی رہائش کی مختلف ڈیولپمنٹس میں اہلیت کے مختلف تقاضے ہوتے ہیں۔ آپ اپنے گھرانے کے سائز اور آمدنی کے لحاظ سے مختلف ڈیولپمنٹس کے لیے مختلف زمروں میں آ سکتے ہیں۔

## 2 جانیں

### چیک کرکے دیکھیں کہ آیا...

- آپ کی مشترکہ گھریلو آمدنی کسی ڈیولپمنٹ کی ادنی اور اعلی حدود کے بیچ ہے۔ HPD کی معلوماتی گائیڈز، بشمول انکم گائیڈ، اس پتے پر تلاش کریں: nyc.gov/hpd/findhousing

- آپ کا گھرانہ ڈیولپمنٹ کی یونٹ سائز کے تقاضے پورا کرتا ہے۔

- آپ کو اپنے کریڈٹ کی سرگزشت سمجھنے میں مد درکار ہے۔ مزید جاننے کے لیے سٹی کے مالی تفویض اختیار کے مراکز (Financial Empowerment Centers) میں سے ایک کو ملاحظہ کریں: nyc.gov/talkmoney

### پتہ کریں کہ آیا آپ ترجیح کے لیے اہل قرار پاتے ہیں۔ کچھ یونٹس ان لوگوں کے لیے ریزرو ہیں...

- جنہیں حرکت پذیری، سماعت اور/یا بینائی کی معذوری لاحق ہو۔

- جو پانچ بورو میں رہتے ہوں۔

- جو ڈیولپمنٹ والے کمیونٹی ڈسٹرکٹ میں ہی رہتے ہوں۔ - اپنا والا اس پتے پر تلاش کریں: communityprofiles.planning.nyc.gov

- جو سٹی آف نیویارک کے لیے کام کرتے ہوں۔

## 3 درخواست دیں

### آن لائن درخواست دیں

NYC ہاؤسنگ کنیکٹ پر ایک اکاؤنٹ بنائیں: nyc.gov/housingconnect

آپ کے درخواست دے دینے پر، ڈیولپرز حقیقی وقت میں آپ کی پروفائل دیکھیں گے، لہذا آپ کے گھرانے کی صورتحال میں کوئی صورتحال یا آمدنی میں تبدیلی ہونے پر اپنی پروفائل کو اپ ڈیٹ کرنا اہم ہے۔

### یا ڈاک کے ذریعہ درخواست دیں

ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست طلب کرنے کے لیے اشتہار میں درج ہدایات پر عمل کریں۔

اپنی بہترین معلومات کی حد تک درخواست پر درج سبھی سوالوں کا جواب دیں۔ غلط یا نامکمل معلومات آپ کو نا اہل قرار دے سکتی ہے۔

اپنی درخواست پر دستخط مع تاریخ درج کریں ورنہ یہ مسترد ہو سکتی ہے۔ اپنی درخواست آخری تاریخ سے پہلے جمع کروائیں۔

### منتخب ہونے کے آپ کے امکانات ویسے ہی ہیں...

- چاہے آپ آن لائن درخواست دیں یا ڈاک کی معرفت۔

- چاہے آپ جب بھی اپنی درخواست جمع کروائیں، تاوقتیکہ یہ آخری تاریخ سے پہلے ہو۔

## 4 انتظار کریں اور تیاری کریں

### درخواستوں پر کارروائی ہونے کے دوران انتظار کریں

آخری تاریخ کے بعد، تمام درخواستوں کو اتفاقی ترتیب میں رکھا جاتا ہے اور ایک لاگ نمبر تفویض کیا جاتا ہے۔

ڈیولپر لاگ نمبر کی ترتیب میں (ترجیحی زمرے پورا کرنے والوں سے شروع کرکے) ان کا جائزہ لیتا ہے اور درخواست دہندگان سے رابطہ کرتا ہے۔ ترجیحی زمروں کی فہرست کے لیے مرحلہ 2 دیکھیں۔

### انتظار کرنے کے دوران تیاری کریں

کسی مکان کو ہزاروں درخواستیں موصول ہو سکتی ہیں۔ آپ کو آخری تاریخ کے بعد دو تا بارہ ماہ کے اندر اپنی درخواست کی حالت کے بارے میں جواب مل سکتا ہے۔ یہ وقت اپنی اہلیت کا تجزیہ کروانے کی تیاری کرنے کے لیے استعمال کریں:

- HPD کی معلوماتی گائیڈز استعمال کریں: nyc.gov/hpd/findhousing

- NYC ہاؤسنگ کنیکٹ میں دستاویزات جمع کرانا شروع کریں: nyc.gov/housingconnect

### یاد رکھیں کہ آپ کو واپس جواب نہیں بھی مل سکتا ہے

چونکہ بہت ساری درخواستیں ہوتی ہیں لہذا ممکن ہے آپ سے رابطہ نہ کیا جائے، چاہے آپ اہل قرار پا سکتے ہوں۔ اگر آپ کو اتفاقی طور پر ادنی لاگ نمبر تفویض کیا گیا ہے یا آپ ترجیح کے لیے اہل قرار پاتے ہوں تو آپ سے رابطہ کیے جانے کا زیادہ امکان ہے۔

## 5 اہل قرار پائیں

### آپ کی اہلیت کا جائزہ کس طرح لیا جاتا ہے

اگر آپ کا لاگ نمبر اوپر آ جاتا ہے تو دستاویزات جمع کرانے کے لیے ڈیولپر آپ سے رابطہ کرے گا۔ یہ اس امر کی تصدیق کے لیے ہے کہ آپ اہلیتی شرائط پوری کرتے ہیں۔

فوری طور پر جواب دیں، کیونکہ جگہیں محدود ہوتی ہیں اور اپنی دستاویزات جمع کرانے کے لیے آپ کے پاس صرف چند کاروباری دن ہوتے ہیں۔

اہلیت کے جائزے کے لیے درخواست کی وصولیابی اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کو سستی رہائش موصول ہو جائے گی۔

### دستاویزات جمع کرائیں

ڈیولپر کی درخواست میں ان دستاویزات کی فہرست شامل ہوگی جو آپ کو فراہم کرانی ضروری ہیں۔ بر وقت تیاری کریں (مرحلہ 4 دیکھیں)۔

اگر آپ نے آن لائن درخواست دی تو براہ راست ڈیولپر کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے، آپ اپنی تمام دستاویزات ہاؤسنگ کنیکٹ میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے کاغذ پر درخواست دی تو آپ سے اپنی دستاویزات ڈیلیور کرنے یا بذریعہ ڈاک انہیں جمع کرانے کو کہا جائے گا۔

### تصدیق کا انتظار کریں

ڈیولپر کے ذریعے آپ کی اہلیت کی تصدیق ہو جانے پر، HPD یا HDC درستگی کے مدنظر آپ کی فائل کا جائزہ لے گا۔ اگر کوئی سوالات ہوں تو ڈیولپر آپ سے رابطہ کرے گا۔

## 6 دستخط کریں یا دوبارہ درخواست دیں

### لیز یا خریداری کو حتمی شکل دیں

اگر آپ اہل پائے جاتے ہیں تو آپ کو لیز پر دستخط کرنے یا خریداری کا عمل آگے بڑھانے کے لیے دستخط کرنے کا اختیار پیش کیا جا سکتا ہے۔

### فیصلے پر اپیل کریں

اگر آپ کو غیر اہل پایا جاتا ہے تو آپ کو تردید کا نوٹس موصول ہوگا۔ اگر آپ اختلاف کرتے ہیں تو فیصلے پر اپیل کرنے کے لیے تردید کے نوٹس میں درج ہدایات پر عمل کریں۔

تحریری شکل میں اس وجہ کی وضاحت کریں جس کی رو سے آپ کو تردید کے غلط ہونے کا یقین ہے اور تائیدی دستاویزی شہادت فراہم کریں۔

آپ کی اپیل کے نتیجے کے ساتھ ڈیولپر آپ سے رابطہ کرے گا۔ اگر آپ اختلاف کرتے ہیں تو HPD یا HDC کو شکایت بھیجنے کے لیے اپیل کی تردید میں درج ہدایات پر عمل کریں۔

### دیگر مواقع کے لیے درخواست دیں

اگر آپ کسی ڈیولپمنٹ کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں تو ہمت نہ ہاریں۔ نئی سستی رہائش کے مواقع ہمہ وقت دستیاب ہوں گے اور آپ جتنی درخواست دینا چاہیں دے سکتے ہیں۔